© rasailojaraid.com



مسالک کا اتفاق رائے ہے، اس میں کسی قسم کی ترمیم سے ملک میں اتحاد و یکجہتی کی فضا کو شدید دھچکا پہنچے گا۔ اس لیے اسلامیات لازمی کا نصاب حسبِ سابق برقرار رکھا جائے۔ ناظم اعلیٰ وفاق نے بتایا کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام عنقریب تخصصات (پی ایچ ڈی) کا اجراء کیا جارہا ہے۔ اس سلسلہ میں ملک کی مختلف جامعات سے تجاویز و آراء طلب کرلی گئی ہیں۔ مفصل لائحہ عمل کا جلد اعلان کردیا جائے گا۔ اسی طرح دورہ حدیث شریف سے فراغت حاصل کرنے والے طلبہ کو "مقارنۃ الادیان والفرق" کی خصوصی تعلیم دی جائے گی۔ تاکہ طلبہ عالمی سطح پر "اسلام" کے بارے میں اسلام دشمنوں اور ملحدین کے اعتراضات کے تسلی بخش جواب دے سکیں۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ نے دینی مدارس کے تحفظ و بقاء اور حکومتی و غیر حکومتی سطح پر مدارس کے خلاف ہونے والی سازشوں کا مقابلہ کرنے پر قائدین وفاق المدارس العربیہ کی کاوشوں کی تحسین کی اور اس توقع کا اظہار کیا کہ "وفاق" دینی مدارس و جامعات کے تحفظ و استقلال کے لیے اپنی مساعی جاری رکھے گا۔ وفاق کی مجلس عاملہ و مجلس شوریٰ نے ممتاز عالم دین اور ممبر قومی اسمبلی مولانا اعظم طارق کے افسوسناک سانحہ شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ مولانا کے قاتلوں کو جلد گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ مولانا کی شہادت کو ملک و ملت کے لیے عظیم سانحہ قرار دیا گیا اور ان کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔

## قرار دادیں..... منظور کردہ اجلاس مجلس شوریٰ

### منعقدہ ۲۰ اکتوبر ۲۰۰۳ء بمقام مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مجلس شوریٰ نے درج ذیل قرار دادیں اتفاق رائے سے منظور کیں:

(۱) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلسِ شوریٰ کا یہ غیر معمولی اجلاس عالمی استعمار کی طرف سے پاکستان میں دینی مدارس کے اثرات کو زائل کرنے کے لیے اربوں روپے کے بجٹ مختص کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت پاکستان کی طرف سے اس کے تسلسل میں کیے جانے والے اقدامات پر تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ اور تمام مدارسِ دینیہ کے ذمہ داران سے اپیل کرتا ہے کہ وہ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ یا دیگر ایسے حکومتی ادارے جو دینی مدارس کے متوازن قائم کیے گئے ہیں، ان سے الگ رہیں اور "وفاق المدارس العربیہ پاکستان" کی طے کردہ پالیسیوں کو اختیار فرمائیں تاکہ اس نازک دور میں مدارسِ دینیہ کو استعماری یلغار سے محفوظ رکھا جاسکے۔

(۲) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلسِ شوریٰ کا یہ عظیم اجلاس تمام مدارسِ دینیہ سے اپیل کرتا ہے کہ وہ حکومتی امداد لینے سے احتراز فرمائیں، تاکہ مدارس کی اجتماعیت و حریت محفوظ رہ سکے۔

(۳) وفاق المدارس کی مجلسِ شوریٰ کا یہ اجلاس وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے فاضل، پاکستان کی قومی اسمبلی کے ممبر اور ملت اسلامیہ کے صدر مولانا محمد اعظم طارق شہید کو اسلام آباد میں دہشت گردوں کے ہاتھ بہیمانہ انداز مین قتل کیے جانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے مولانا محمد اعظم طارق سمیت گذشتہ دس سال میں شہید کیے جانے والے تمام علماء کے قاتلوں کی فوری گرفتاری اور قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کرتا ہے۔ نیز یہ اجلاس وفاق کی مجلسِ عاملہ کے ممبر مولانا محمد انور کے چھوٹے بھائی مولانا محمد اظہر کی نوجوانی کی حالت میں وفات پر مولانا محمد انور صاحب مہتمم دار العلوم کبیر والہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مولانا اعظم طارق اور مولانا محمد اظہر کے لیے دعائے مغفرت کرتا ہے۔

(۴) مجلسِ شوریٰ کا یہ عظیم اجلاس وفاق المدارس کے صدر و ناظم اعلیٰ اور اراکین مجلسِ عاملہ پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مدارسِ دینیہ کے تحفظ و بقاء، دینی مدارس میں اتحاد و یکجہتی، نیز مدارس کے امتحان کو منظم کرنے کی کوششوں کو سراہتے ہوئے تحسین کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔